30 اپریل 2024ء

اسٹیٹ بینک کو آئی ایم ایف سے 828 ملین ایس ڈی آر (1.1 ارب ڈالر) موصول

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ نے 29 اپریل 2024ء کو اپنے اجلاس میں اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ (ایس بی اے) کے تحت دوسرا جائزہ مکمل کر لیا اور پاکستان کے لیے 828 ملین ایس ڈی آر کی رقم منظور کرلی۔

چنانچہ 29 اپریل 2024ء کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو آئی ایم ایف سے اپنے اکاؤنٹ میں 828 ملین ایس ڈی آر (تقریباً 1.1 ارب ڈالر) موصول ہوگئے۔ 3 مئی 2024ء کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر میں یہ رقم ظاہر ہوگی۔

***